اس سوال نامے میں کل 42 سوالات اور 16 چھپے صفحات ہیں۔

کوڈ نمبر 71/S/206/A/UR

رول نمبر | | | | | | | | | | | | |

سیٹ A

اردو

# (206-UR)

رول نمبر (الفاظ میں) ____________________

امتحان کی تاریخ اور دن ____________________

نگراں امتحان کے دستخط .1 ____________________

.2 ____________________

---

ہدایات :

.1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

.2 مہربانی کرکے اپنے سوال نامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

.3 طالب علم کو (A)، (B)، (C) اور (D) میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھنا ہے۔

.4 معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

.5 طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔

.6 اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کا کوڈ نمبر، 71/S/206/A/UR, Set -A کو لکھئے۔



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

(اُردو)

# (206-UR)

]وقت : 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر : 100[

نوٹ :

(i) یہ سوال نامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 20 تک MCQ ایک سے زیادہ انتخابی سوالات ہیں اور ہر سوال کے لئے ایک (1) نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھئے۔

(v) سوال نمبر 21 سے 25 تک مختصر تر سوالات ہیں، جن میں 3 نمبروں کے دو 2 سوالات، 7 نمبروں کے دو 2 سوالات اور 10 نمبر کا ایک سوال ہے ہدایت کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 26 سے 42 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجیے۔



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

1 .1 بوڑھا بے ہوش کیوں ہوگیا تھا؟

(A) وہ بہت کمزور تھا

(B) اب قوم کی بھلائی کے کام کرنے کے لیے اس کے پاس وقت نہیں تھا۔

(C) وہ بہت مایوس تھا

(D) اس کے دل پر بہت بوجھ تھا

1 .2 حامد بہت خوش تھا کیونکہ

(A) اس کی جیب بھری تھی

(B) وہ اپنے والدین سے ملنے جارہا تھا

(C) اس نے بہت سارے کھلونے خرید لیے تھے

(D) اس کے دل میں امید کی روشنی تھی

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

1 .3 ''ایک آدھ اخبار'' کا مطلب ہے ......

(A) ایک اخبار (B) آدھا اخبار

(C) کچھ اخبار (D) ڈیڑھ اخبار



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

4. نظم ''آدمی نامہ'' کے چوتھے بند میں شاعر کی حیرانی کی وجہ کیا ہے؟ 1

(A) اس کو کچھ نظر نہیں آتا
(B) اسے سب کچھ ستو رنگ نظر آتا ہے
(C) وہ بالکل ناواقف ہے
(D) وہ ایک شاعر ہے

5. مضمون نویسی کی سب سے آسان قسم کون سی ہے؟ 1

(A) بیانیہ
(B) تاثراتی
(C) تخیلاتی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

6. آپ کے کورس میں مضمون نویسی کی کتنی قسمیں بتائی گئی ہیں؟ 1

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) پانچ

7. چھپائی کا آغاز کس ملک میں ہوا؟ 1

(A) چین
(B) بھارت
(C) جرمنی
(D) جاپان



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

**.8** دہلی سے دوسرے چینل کا آغاز کب ہوا؟ **1**

(A) ستمبر 1984ء میں (B) ستمبر 1990ء میں

(C) ستمبر 1980ء میں (D) ستمبر 1982ء میں

**.9** بھارت میں پہلا ریلے سینٹر کہاں قایم ہوا؟ **1**

(A) دہلی (B) ممبئی

(C) پونا (D) کولکاتہ

**.10** تجارتی خط کے کتنے حصّے ہوتے ہیں؟ **1**

(A) چھ (B) آٹھ

(C) دس (D) بارہ

**.11** چاروں برہمنوں میں ...... **1**

(A) گہری دوستی تھی

(B) گہری دشمنی تھی

(C) گہری نفرت تھی

(D) گہری محبت تھی

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR



**UNNATI EDUCATION**
**9899436384: 9654-279-279**

12. ضمیر کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ 1

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) پانچ

13. جمعدارن کے لیے لفظ ''بہو'' مروج ہے ………… 1

(A) امیر گھرانوں میں
(B) متوسط گھرانوں میں
(C) شریف گھرانوں میں
(D) غریب گھرانوں میں

14. کبیرداس کے متعلق کون سا قول درست ہے؟ 1

(A) کبیرداس خود کو وشنو کا بھگت کہا کرتے تھے؟
(B) وہ پیشانی پر قشقہ لگاتے تھے
(C) گلے میں مالائیں ڈالے رکھتے تھے
(D) سبھی جواب درست ہیں

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

15. ''وِدیا'' کے معنی ہے 1

(A) علم
(B) عمل
(C) عقل
(D) ہنر



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

16. جب چاروں برہمن جنگل سے گزرے تو انہوں نے وہاں کیا دیکھا؟ 1

(A) ایک مردہ شیر کی ہڈیاں پڑی ہیں

(B) ایک مردہ گیدڑ کی ہڈیاں پڑی ہیں

(C) ایک مردہ لومڑی کی ہڈیاں پڑی ہیں

(D) ایک مردہ چیل کی ہڈیاں پڑی ہیں

17. تو، تم، تمہارا مثالیں ہیں...... 1

(A) ضمیر حاضر کی (B) ضمیر غائب کی

(C) ضمیر متکلم کی (D) ان میں سے کوئی نہیں

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

18. ''ستی و ساوتری'' کا مفہوم کیا ہے؟ 1

(A) بوڑھی عورت (B) ضعیف عورت

(C) پاکیزہ عورت (D) بے سہارا عورت

19. کہانی ''عقل کے دشمن'' میں جو پڑھا لکھا نہیں ہے اسے ...... 1

(A) بے وقوف کہا گیا ہے (B) ناسمجھ کہا گیا ہے

(C) عقل مند کہا گیا ہے (D) نادان کہا گیا ہے



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

20. سبق ''سنت کبیر داس'' کا مصنف کون ہے؟ 1

(A) صالحہ عابد حسین (B) پروفیسر عتیق اللہ

(C) پریم چند (D) سرسید احمد خاں

21. درج شعر سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت کچھ اضطراب کی سی ہے

(i) 'اضطراب' کے معنی لکھیے۔ 1

(ii) کون کس کے در پر بار بار جاتا ہے؟ 1

(iii) اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟ 1

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI OR

22. درج ذیل شعر سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

(i) یہ شعر کس شاعر کا کلام ہے؟ 1

(ii) یہاں ''آگے'' سے مراد کیا ہے؟ 1

(iii) اب کسی بات پر کیا نہیں آتی ہے؟ 1



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

23. درج ذیل شعری اقتباس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 7

وہ سنسان جنگل وہ نور قمر
وہ براق سا ہر طرف دشت و در
وہ اجلا سا میداں چمکتی سی ریت
لگا نور سے چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے پتے چمکتے ہوئے
خس و خار سارے جھمکتے ہوئے
درختوں کے سائے سے مہ کا ظہور
گرے جیسے چھن چھن کے چھلنی سے نور

UNNATI
EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI OR

(i) یہ شعری اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ 1

(ii) اس کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟ 1

(iii) یہ کس شاعر کا کلام ہے؟ 1

(iv) ''دشت و در'' اور ''خس و خار'' میں واوٗ (و) کیا ہے؟ 1

(v) روشنی کی وجہ سے کھیت کیسا لگ رہا ہے؟ 1

(vi) حسن تعلیل کی تعریف لکھیے۔ 1

(vii) ریت اور کھیت کیسے الفاظ ہیں؟ 1



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

**24.** درج ذیل شعری اقتباس پر مبنی سوالوں کے جواب دیجیے۔ **7**

آدھی رات کو کالی کوئل
موسم کی متوالی کوئل
پھیلتی ہے جب آم کی خوشبو
گیت تیرا گاتی ہے کُو کُو
جگ دیتا ہے تجھکو دعائیں
ہم تیرا گُن کس طرح نہ گائیں
ماتا تو ہے ہماری ماتا
پیاری ماتا پیاری ماتا

(i) یہ شعری اقتباس آپ کے کورس میں شامل کس سبق سے لیا گیا ہے؟ **1**

(ii) یہ کس شاعر کا کلام ہے؟ **1**

(iii) آدھی رات اور کالی کوئل میں کیا مماثلت ہے؟ **1**

(iv) 'جگ' کس زبان کا لفظ ہے؟ **1**

(v) ''گن گانا'' کا مفہوم لکھیے۔ **1**

(vi) کون موسم کی متوالی ہے؟ **1**

(vii) کوئل کُو کُو کرکے کس کا گیت گاتی ہے؟ **1**



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

**UNNATI EDUCATION**
**9899436384: 9654-279-279**

.25 مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10

(i) جدید اردو نثر کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟ 1

(ii) مرزا غالبؔ کا اصل نام کیا ہے؟ 1

(iii) چار برہمنوں کی کہانی کس سبق میں ملتی ہے؟ 1

(iv) افسانہ ''ایک سوال'' کا موضوع کیا ہے؟ 1

(v) مضمون نویسی کے عمل میں ''اختتام'' کی کیا اہمیت ہے؟ 1

(vi) کس قسم کا مضمون لکھنے کے تخیل یا غوروفکر کی ضرورت ہوتی ہے؟ 1

(vii) مضمون کا درمیانی حصہ کیا کہلاتا ہے؟ 1

(viii) انگریزی اصطلاح ''ماس میڈیا'' (Mass Media) کی اردو کیا ہے؟ 1

(ix) ذاتی خط کن لوگوں کو لکھے جاتے ہیں؟ 1

(x) سرکاری خط کیا ہوتے ہیں؟ 1

.26 مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

مرکزی حکومت ہو یا ریاستی حکومت، عوامی ادارے ہوں یا لوکل خود مختار ادارے، دنیا کے تمام ملکوں میں موجود ہیں اور عوامی خدمات انجام دے رہے۔ خدمات کی انجام دہی میں خط و کتابت ایک بڑا وسیلہ ہے۔ خط و کتابت کی ضرورت ایک حکومت کو دوسری حکومت سے، حکومت کو نجی اداروں اور بہت سی دوسری ایجنسیوں سے رابطہ



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

قایم کرنے اور ہر سطح پر معاملات طے کرنے کے لیے پڑتی ہے۔ جب خط و کتابت سرکاری دفاتر کے درمیان یا ان کی طرف سے جاتی ہے تو اسے سرکاری مراسلت کہا جاتا ہے۔ سرکاری محکمے اور انتظامیہ یہ خط و کتابت انتظامی امور اور تجارتی لین دین کے مقصد سے کرتے ہیں جس کی نوعیت مختلف معاملات میں مختلف ہوتی ہے۔

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟ 2

(ii) اداروں کے ذریعہ عوامی خدمات کی انجام دہی میں خط و کتابت کی اہمیت کیا ہے؟ 1

(iii) سرکاری خط کسے کہتے ہیں؟ 2

(iv) سرکاری محکمے خط و کتابت کس مقصد سے کرتے ہیں؟ 1

**27.** تجارتی خط سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ ایک تجارتی خط کا نمونہ پیش کیجیے۔ 6

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

**28.** مندرجہ ذیل اشعار/شعر اقتباس کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 4

زندگی جیسی توقع تھی نہیں کچھ کم ہے
ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

..................

بچھڑے لوگوں سے ملاقات کبھی پھر ہوگی
دل میں امید تو کافی ہے یقیں کچھ کم ہے



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

یا

بیٹھے ہیں آدمی ہی دُکانیں لگا لگا
کہتا ہے کوئی لو، کوئی کہتا ہے لا رے لا
اور آدمی ہی پھرتے ہیں رکھ سر پہ خوانچا
کس کس طرح سے بیچے ہیں چیزیں بنا بنا
اور مول لے رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

.29 نظم ''بھارت ماتا'' کا مرکزی خیال لکھئے۔ 4

یا

غالبؔ کے اندازِ بیان کی خوبیاں لکھئے۔ مثالیں بھی دیجئے۔

UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR

.30 میر تقی میرؔ کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ 4

.31 کس لحاظ سے ماس میڈیا نفع بخش ہے؟ 4

یا

حاشیہ اسٹائل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ حاشیہ اسٹائل کا نمونہ پیش کیجئے۔

.32 سرسید نے قوم کے نوجوانوں کو کیا پیغام دیا تھا؟ 2



UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279

33. حامؔد نے دست پناہ کیوں خریدا تھا؟ 2

34. غیر مردف غزل کسے کہتے ہیں؟ 2

35. مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ 2

36. ہمارے سماج میں عورت کا مقام کیا ہے؟ 2

37. 'دوہا' کے بارے میں اپنی معلومات چار جملوں میں لکھئے۔ 2

38. موہ مایا کے بارے میں کبیرداس نے کیا بات کہی ہے؟ 2

39. میؔر کی شاعری میں دردوغم اور مایوسی کی وجہ کیا ہے؟ 2

40. شاعر دنیا کی محفلوں سے کیوں دور جانا چاہتا ہے؟ 2

41. 'کہانی عقل کے دشمن' میں کس کی اہمیت پر توجہ دی گئی ہے؟ 2

42. دنیا میں امن کی ضرورت کیوں ہے؟ 2



UNNATI EDUCATIONS
EK KADAM UNNATI KI AUR
UNNATI EDUCATION
9899436384: 9654-279-279